سوال

(344)خواب میں طلاق کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں نے خواب میں دیکھا کہ میں اپنی بیوی کو طلاق دے رہا ہوں اور اسے تین طلاق دینے کے بعد بھی اس کے ساتھ (خواب میں) غیر مناسب باتیں کررہا ہوں،اس کا شرعی حکم کیا ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

آپ کا خواب میں اپنی بیوی کو طلاق دینا اور اس کے ساتھ غیر مناسب کلام کرنا قابل مواخذہ نہیں اور نہ ہی اس سے اسے طلاق واقع ہوگی۔ کیونکہ سونے والے کا گناہ نہیں لکھا جاتا اور آپ کے لیے بہتر یہ ہے کہ جب آپ اپنے خواب میں کوئی ناپسندیدہ چیز دیکھیں تو اپنے بائیں جانب تھوکیں اور شیطان اور جو بری چیز آپ نے دیکھی ہے اس سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگیں یہ عمل تین مرتبہ کریں۔ پھر اپنا پہلو بدل کر سو جائیں۔ کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسی صورت میں یہی ثابت ہے۔ (سعودی فتویٰ کمیٹی)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ نکاح و طلاق

ص428

محدث فتویٰ